حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات) (نشانات 30)

نوٹ: اس حصے سے کوئی چھ (۶) سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

سوال نمبر۲۔ ذرائع نقل و حمل سے کیا مراد ہے؟ پاکستان میں اس کی کوئی چار بڑی اقسام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۳۔ پاکستان کے کوئی چار بڑے تجارتی شہروں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ پاکستان میں قائم پانچ بھاری صنعتوں کے نام لکھیے۔

سوال نمبر۵۔ فولاد سازی کے لئے موزوں کوئی پانچ جغرافیائی یا معاشی سہولتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر۶۔ پاکستان میں اونی کپڑے کی صنعت کے پانچ اہم مراکز کے نام لکھیے۔

سوال نمبر۷۔ کوئی پانچ جغرافیائی عوامل کے نام تحریر کیجئے جو صنعت کے قیام کو متاثر کرتے ہیں۔

سوال نمبر۸۔ مرکزی بینک کے پانچ وظائف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۹۔ ذرائع رسل و رسائل سے کیا مراد ہے؟ پاکستان کے چار ذرائع رسل و رسائل بیان کیجئے۔

سوال نمبر۱۰۔ تجارت کے توازن کو مختصراً بیان کیجئے۔

سوال نمبر۱۱۔ پاکستان کے پانچ صحراؤں کے نام لکھیے۔

حصہ "ج" (بیانیہ جواب کے سوالات) (نشانات 30)

نوٹ: اس حصے سے کوئی تین (۳) سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ جس میں سوال نمبر۱۲ لازمی ہے۔

سوال نمبر۱۲۔ پاکستان کے نقشے کا خاکہ بنا کر اس میں مندرجہ ذیل دکھایئے:

(i) سوتی پارچہ بافی کی صنعت کے کوئی تین مراکز (ii) کراچی، لاہور، پشاور

سوال نمبر۱۳۔ سوتی پارچہ بافی کی صنعتوں کے قیام کے لئے پاکستان میں دستیاب سہولتوں کے بارے میں تحریر کیجئے اس صنعت کی مراکز اور تجارت کے بارے میں بھی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۱۴۔ پاکستان کی اہم درآمدات اور برآمدات تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر۱۵۔ قومی یکجہتی پر تجارتی سرگرمیاں کیسے اپنا اثر ظاہر کرتی ہیں؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر۱۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ تحریر کیجئے۔

(i) بینک اور بیرونی تجارت (ii) کھیلوں کے سامان کی صنعت

(iii) صنعتی پسماندگی کی وجوہات

www.ilmkidunya.com

www.ilmkidunya.com